# 28-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست میں سیلاب کی صورتحال سنگین بنی ہوئی ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے متاثرہ اضلاع کا فضائی سروے کیا۔

۲۔سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پھنسے لوگوں کو بچانے کے لئے اقدامات جاری ہیں۔

۳۔ بی آر کے کارگزار صدر کے ٹی راما راوٗ نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر الزام لگایا ہے کہ وہ سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے میں لاپرواہی سے کام لے رہے ہیں۔

اور

۴۔دفتر موسمیات نے ریاست کے شمالی اور شمالی وسطی اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

RAJANNA SIRCILLA:

راجنا سرسلہ ضلع میں اَپر مانیرو پروجیکٹ کے سیلاب میں پھنسے 7 افراد کو آج فوجی ہیلی کاپٹرس کی مدد سے بچالیا گیا۔ یہ افراد گمبھی راوٗ پیٹ منڈل کے نرملا گاوٗں میں سیلاب کے پانی میں پھنس گئے تھے۔ یہ کسان کل پروجیکٹ کی دوسری جانب مویشیوں کو چرانے کیلئے لے گئے تھے لیکن اچانک سیلاب سے ان کے واپسی کا راستہ بند ہوگیا۔ ضلع کے عہدیداروں نے فوری حرکت میں آتے ہوئے انہیں ڈرون کے ذریعہ غذائی اشیاء پہنچائی اور رات بھر صورتحال پر نظر رکھا۔ ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا اور ایس پی مہیش بی گائٹ نے شخصی طور پر بچاوٗ کارروائی کی نگرانی کی۔ آج

صبح فوجی ہیلی کاپٹرس کے ذریعہ ان کسانوں کو بحفاظت بچالیا گیا۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے اِن افراد سے ملاقات کی اور عہدیداروں کا شکریہ ادا کیا۔

SOUND BYTE

RELIEF OPERATIONS

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے کمار نے ریاست کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں جاریہ راحت کاری کے سلسلہ میں ریاستی وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی سے فون پر بات کی۔ بنڈی سنجے نے بتایا کہ نرمل ضلع میں بچاؤ اور راحت کیلئے ایک فوجی ہیلی کاپٹر متعین کیا گیا ہے۔ انہوں نے ریاستی حکومت کو مرکز کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ اس سے قبل بنڈی سنجے نے ہیلی کاپٹرس کی آمد میں تاخیر پر محکمہ دفاع کے عہدیداروں سے رابطہ کیا۔ اس دوران شمالی تلنگانہ کے 5 اضلاع میں کل سے سیلاب میں پھنسے 801 افراد کو اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کے تعاون سے تلنگانہ فائر، ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ ایمرجنسی سرویس ڈپارٹمنٹ نے بچالیا۔ ان افراد کو کاماریڈی، میدک، راجنا سرسلہ، جگتیال اور نرمل اضلاع میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے بچایا گیا۔ ایک سرکاری بیان میں بتایا گیا کہ میدک کے رامائم پیٹ میں سب سے زیادہ افراد کو بچایا گیا۔ اس ٹاؤن میں ایس سی ویمنس ڈگری کالج ہاسٹل کی 350 طالبات کو محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا۔ نرمل سے کشتی کے عملہ اور نظام آباد سے ایس ڈی آر پی کے عملہ نے کاماریڈی نے جی آر کالونی سے ایس سی ویلفیئر بوائز ریسیڈنشیل اسکول کے 200 طلبہ کو بچایا۔ اسی ٹاؤن میں ایس سی، ایس ٹی ویلفیئر ہاسٹل کے 84 طلبہ کو اور جی آر کالونی کے 70 مکینوں کو بچایا گیا۔ تاہم

جگتیال ضلع کے کورٹلہ منڈل کے رامار اؤ پلی گاؤں کا ایک شخص اور میدک ضلع کے واڈی گاؤں کے دو افراد لاپتہ ہوگئے۔ کاماریڈی ضلع میں تلنگانہ فائر سرویس کے ڈائرکٹر جنرل وائی ناگی ریڈی بچاؤ کارروائی کی نگرانی کررہے ہیں

FLOOD WATER:

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے چرلہ منڈل میں تالی پیرو پروجیکٹ کے 24 گیٹ کھول کر 44 ہزار کیوزک پانی نشیبی علاقہ کی سمت چھوڑا گیا ہے۔ چھتیس گڑھ مین شدید بارش کی وجہ سے تالی پیرو دریا پر تعمیر کئے گئے درمیانی آبپاشی پروجیکٹ میں بھاری مقدار میں پانی جمع ہوا ہے۔ ضلع کے عہدیداروں نے چرلہ، جولورو پاڑ، چندرو گونڈا، اناپوریڈی پلی، دماناپیٹ، اشوا راؤ پیٹ اور ملکالا پلی منڈلوں کے نشیبی علاقوں کے عوام کو چوکس کردیا ہے۔ رگھوناتھ پالم منڈل کے چنتا گرتی میں ایک پل زیرآب آگیا۔ اس کی وجہ سے چنتا گرتی اور کورلا بوڑ وتانڈے کے درمیان ٹرافک درہم برہم ہوگئی۔ کھمم ضلع میں راما کرشنا پورم کے مقام پر کنڈی گنٹہ تالاب کا بندھ ٹوٹ گیا جس کی وجہ سے کھمم ۔ بوناکل روڈ زیرآب آگئی۔ اِس سڑک پر ٹرافک کو روک دیا گیا ہے۔

RAJANARASIMHA:

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے آج میدک ضلع کے رامائم پیٹ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور ریاستی حکومت کی جانب سے بھرپور مدد کا تیقن دیا۔ انہوں نے سیلاب سے متاثرہ افراد سے بات چیت کے دوران تصدیق کی کہ سیلاب میں بہہ جانے والے ایک شخص کی نعش برآمد کرلی گئی ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ گزشتہ دو دن سے موسلا دھار

بارش سے متاثرہ علاقوں میں راحت کاری کے اقدامات میں تیزی لائیں۔ انہوں نے عہدیداروں سے یہ بھی کہا کہ وہ شدید بارش سے فصلوں اور املاک کو ہونے والے نقصانات کا تخمینہ تیار کریں۔

SEETHAKKA:

کاماریڈی ضلع میں شدید بارش سے کئی علاقہ زیرآب آگئے ہیں اور روزمرہ کی زندگی درہم برہم ہوگئی ہے۔ ضلع کی انچارج وزیرڈی سیتااکا، ریاستی حکومت کے مشیر محمد علی شبیر اور ظہیرآباد کے ایم پی سریش کمار شیٹکر نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ ان میں جی آر کالونی اور ہاؤزنگ بورڈ شامل ہیں۔ انہوں نے متاثرین کے ساتھ بات چیت کی۔ پہلی مرتبہ کاماریڈی ٹاؤن میں اتنے بڑے پیمانے پر سیلاب آیا ہے۔ اڈلور اور کیاسم پلی کے درمیان پلوں کو نقصان پہنچنے سے حیدرآباد۔ ناگپور کے درمیان قومی شاہراہ 44 پر موٹر گاڑیوں کی آمد ورفت متاثر ہوئی ہے۔ حیدرآباد، کریم نگر اور نظام ساگر کو کاماریڈی سے جوڑنے والی سڑکیں بھی زیرآب آگئی ہیں۔ علاقہ میں ٹرین خدمات بھی متاثر ہوئی ہے۔ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے کاماریڈی سے گزرنے والی کئی ٹرینوں کو رخ موڑدیا۔

LED CM

ریاست میں سیلاب کی صورتحال سنگین بنی ہوئی ہے۔ میدک، کاماریڈی اور نرمل اضلاع سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ کئی پروجیکٹس اور تالاب لبریز ہوگئے ہیں۔ جس کی وجہ سے نشیبی علاقہ زیرآب آگئے ہیں۔ تلنگانہ پولیس، اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس، نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس

فورس، فائر سروس کے عملے اور دیگر ٹیموں نے سیلاب میں پھنسے لوگوں کو باہر نکالا۔ کاماریڈی، نرمل، میدک اور سدی پیٹ اضلاع میں شدید بارش ریکارڈ کی گئی۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی سیلاب کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے آج شام میدک، کاماریڈی، پداپلی اضلاع اور نظام ساگر کا فضائی سروے کیا۔

KTR

بی آر کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر الزام لگایا ہے کہ وہ سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے میں لاپرواہی سے کام لے رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ہر مہلوک کے ورثاء کو 25 لاکھ روپے معاوضہ ادا کیا جائے۔ انہوں نے کسانوں کو ان کی فصلوں کے نقصان کیلئے فی ایکر 25 ہزار روپے معاوضہ کا مطالبہ کیا۔ کے ٹی آر نے بے گھر ہونے والے افراد کو اندراماں مکانات کا بھی مطالبہ کیا۔ انہوں نے آج راجنا سرلہ ضلع کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور متاثرین کو ہر ممکن مدد کا تیقن دیا۔ بعد میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کے ٹی آر نے ریاستی حکومت پر تنقید کی کہ وہ محکمہ موسمیات کی پیشگی وارننگ کے باوجود نشیبی علاقوں سے عوام کو منتقل کرنے میں ناکام رہی۔

Weather

دفتر موسمیات نے ریاست کے شمالی اور شمالی وسطی اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران نرمل، نظام آباد، جگتیال اور کاماریڈی ضلاع میں ایک دو کا مقات پر انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ اس

اضلاع کیلئے ریڈ الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔ بھدرادری کوتہ گوڑم، یادادری بھونگیر، رنگاریڈی، حیدرآباد، میڑچل ملکا جگری اور محبوب نگر اضلاع میں اکادوکا مقامات پر شدید بارش کاامکان ہے۔

KUNAMNENI:

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کی چوتھی ریاستی کانگریس آج حیدرآباد میں اختتام کوپہنچی۔کوتہ گوڑم کے ایم ایل اے کے سامبا شیوا راؤ کو اتفاقِ رائے سے پھر ایک بار ریاستی سکریٹری منتخب کرلیا گیا۔ پارٹی ہیڈکوارٹر مخدوم بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سامبا شیوا راؤ نے کہا کہ سی پی آئی آبپاشی، کسانوں کے مسائل اور سرکاری شعبہ کی کمپنیوں کے تحفظ جیسے امور پر اپنا احتجاج تیز کردے گی۔انہوں نے کہا کہ سی پی آئی کی قومی کانفرنس 21 ستمبر سے 25 ستمبر تک چندی گڑھ میں ہوگی۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کے سابق جنرل سکریٹری سودھاکر ریڈی کا ایک تعزیتی اجلاس 30 اگست کو رویندرا بھارتی میں منعقد کیا جائیگا۔

OO